# 23-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مسلسل تیسرے دن بھی متاثر رہی جیسا کہ اپوزیشن کی جانب سے احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔

۲۔ تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے جس کے نتیجہ میں عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔

۳۔ جگدیپ دھنکر کے استعفیٰ دینے کے بعد الیکشن کمیشن نے نئے نائب صدر کے انتخاب کے لئے طریقہ کار شروع کر دیا ہے۔

اور

۴۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے 9 اضلاع میں سیلاب کی وارننگ جاری کرتے ہوئے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اوسط سے شدید سیلاب کا انتباہ دیا ہے۔

## RAINS

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلع ملگو کے منڈل وینکٹ پورم، تمام علاقوں میں سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ بنا ہوا ہے۔ اِس منڈل میں 24 گھنٹوں کے اندر 46 سنٹی میٹر بارش درج کی گئی۔ تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے اعداد وشمار میں یہ بات بتائی گئی۔ چونکہ مزید بارش کا امکان ہے لہٰذا ضلع انتظامیہ نے ایمرجنسی قواعد کو سرگرم کر دیا ہے تاکہ کسی بھی طرح کے نقصان سے محفوظ رہا جاسکے۔ پنچایت راج کی وزیر ڈاکٹر دنا ساری انوسویا سیتا اکا نے ضلع ملگو میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور ہدایت دی کہ سابقہ تجربات سے سبق حاصل کرتے ہوئے مانسون سے متعلق چیالنجس سے نمٹا جائے۔ انہوں نے اضلاع ملگو اور محبوب آباد کے کلکٹرس اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کو ہدایت دی کہ پوری طرح چوکس رہیں اور بروقت عوام کے ساتھ رابطہ بنائے رکھیں۔ کل شب سے مسلسل بارش کی وجہ سے کریم نگر ٹاؤن میں عام زندگی مفلوج ہوگئی ہے۔ دوپہر تک وہاں 60.3 ملی میٹر بارش درج کی جاچکی ہے۔ صبح کے وقت شہریوں

کی بڑی تعداد گھروں تک ہی محدود تھیں جبکہ کئی نشیبی علاقے زیرآب آگئے۔کئی مقامات پر ڈرین کا پانی مکانات میں داخل ہوگیا۔ورنگل اورحیدرآباد کے راستہ پرٹریفک میں بھی خلل پڑا ہے۔اسی دوران ضلع پداپلی کے علاقہ راما گنڈم میں شدید بارش کے نتیجہ میں کوئلہ کی پیداوار کا کام رک گیا ہے۔عہدیداروں کے مطابق تقریباً80 ہزارٹن کوئلہ کی پیداوار متاثر ہوئی ہے۔ حیدرآباد میں ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے متعلقہ عہدیداروں سے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دن کے دوران بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر پوری طرح چوکس رہیں۔ پربھاکرنے جوحیدرآباد کے بھی انچارج وزیر ہیں، جی ایچ ایم سی کمشنرآروی کرنن، حیدرآباد پولیس کمشنرسی وی آنند، حیدرآباد کے کلکٹر ہری چندنا، ہائیڈرا کمشنر رگناتھ اور دیگرعہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئےصورتحال کے تعلق سےتفصیلات حاصل کیں۔وزیرنے ان عہدیداروں کومشورہ دیا کہ عوام کو مشکلات سے محفوظ رکھنے کے لئے درکاراقدامات کئے جائیں۔شدید بارش کے انتباہ کےپیش نظرسائبرآباد پولیس نے ایک اڈوائزری جاری کرتے ہوئےمختلف کمپنیوں کومشورہ دیا ہے کہ ملازمین کوگھرسے کام کرنے کی سہولت دی جائے۔

WEATHER

ہندوستانی محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے تلنگانہ کے 9 اضلاع میں سیلاب کی وارننگ جاری کرتے ہوئے انتباہ دیا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اوسط سے شدید سیلاب کا خطرہ ہے۔اِن اضلاع میں کوتہ گوڑم، بھوپال پلی، پداپلی، منچریال، آصف آباد، جگتیال، عادل آباد، نظام آباداور کاماریڈی شامل ہیں۔ آئی ایم ڈی نے ایک علیحدہ بلیٹن میں ریاست کے دیگرمختلف علاقوں میں بھی کل شدید بارش کا انتباہ دیا ہے۔ جئےشنکر بھوپال اورملگو اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔اسی طرح آصف آباد، عادل آباد، منچریال،کوتہ گوڑم،محبوب آباد، وقارآباداورسنگاریڈی اضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔بلیٹن کے مطابق ریاست کےتمام 33 اضلاع میں کہیں کہیں بونده باندی کے علاوہ بجلیاں چمکنےاورتیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔

## ED

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے مبینہ طور پر غیر قانونی آن لائن بیٹنگ پلیٹ فارمس کو فروغ دینے کے معاملہ میں اداکار رانا دگوپتی کو تازہ نوٹسیں جاری کی ہیں۔ ای ڈی کے ذرائع نے اِس بات کی توثیق کی ہے کہ اداکار سے 11 اگست کو حاضر ہونے کے لئے کہا گیا ہے۔ اس سے پہلے انہیں آج پیش ہونے کے لئے کہا گیا تھا۔ ای ڈی نے اپنی تحقیقات کے تحت دیگر مختلف فلم اور ٹیلی ویژن شخصیتوں کو بھی نوٹسیں جاری کی ہیں۔ اداکار پرکاش راج کو بھی 30 جولائی کو حاضر ہونے کے لئے کہا گیا ہے۔ اسی طرح وجئے دیورکنڈہ کو 6 اگست اور منچو لکشمی کو 13 اگست کو ای ڈی کے دفتر میں حاضر ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔

## MEDICAL CAMP

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد کے ملازمین اور سیلف ہلپ گروپوں کیلئے ایک خصوصی میڈیکل کیمپ کا وزیرٹرانسپورٹ وضلع انچارج وزیر پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد کے یوسف گوڑہ میں واقع کرشنا کانت پارک میں افتتاح کیا۔ پربھاکر نے جی ایچ ایم سی کے ملازمین میں ہیلتھ کٹس بھی تقسیم کئے اور کہا کہ اس طرح کے ہیلتھ کیمپس جی ایچ ایم سی کی جانب سے حیدرآباد کے تمام علاقوں میں منعقد کئے جائیں گے۔

## ECI - VP

جگدیپ دھنکر کے مستعفی ہونے کے بعد الیکشن کمیشن نے نئے نائب صدر کے انتخاب کے لئے انتخابی مرحلہ کا آغاز کیا ہے۔ داخلی امور کی مرکزی وزارت کی جانب سے کل دھنکر کے استعفیٰ کی اطلاع دئے جانے کے بعد انتخابی طریقہ کار شروع کیا گیا ہے۔ نائب صدر کے انتخابی عمل کا شیڈول کمشنر کی جانب سے جاری کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں دیگر بڑی سرگرمیاں شروع کی جاچکی ہیں۔

## CRICKET - IND - ENG - TEST

کرکٹ میں ہندوستانی ٹیم نے انگلینڈ کے خلاف مانچسٹر میں چوتھے ٹسٹ میچ کے پہلے دن آج لنچ کے وقفہ تک ۔۔۔ وکٹ پر ۔۔۔ کا اسکور بنالیا۔ اس سے پہلے انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے باؤلنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پانچ میچس کی اس سیریز میں ٹیم انڈیا 1-2 سے پیچھے ہے۔

## PAR - ADJOURN

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مسلسل تیسرے دن بھی متاثر رہی جیسا کہ اپوزیشن کی جانب سے احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ اپوزیشن پارٹیاں بہار میں ووٹرلسٹ پر خصوصی نظر ثانی اور دیگر موضوعات پر مباحث کا مطالبہ کررہی ہیں۔لوک سبھا اورراجیہ سبھا میں آج دومرتبہ کارروائی کوملتوی کرنا پڑااور پھر کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ دوسری مرتبہ کارروائی ملتوی کئے جانے کے بعد جب دو بجے دن لوک سبھا کی کارروائی بحال ہوئی، اپوزیشن پارٹیوں بشمول کانگریس، ڈی ایم کے، سماج وادی پارٹی اور دوسرے پوڈیم کے قریب پہنچ گئے اوراپنے مطالبات کے سلسلہ میں نعرے لگانے لگے۔ پریسائیڈنگ آفیسر نے احتجاجی ارکان پرزوردیا کہ ایوان کی کارروائی کو چلنے دیا جائے کیونکہ ایک اہم بل کومنظور کرنا ہے۔گڑبڑ کا سلسلہ جاری رہاتب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر نظر آئے۔ وہاں ایوان کی کارروائی دومرتبہ ملتوی کی گئی اور پھر جب دو بجے دن کارروائی بحال ہوئی تب اپوزیشن پارٹیاں شوروغل کرتی رہیں اور بہار میں ووٹرلسٹ پرخصوصی نظر ثانی کے معاملہ میں مباحث کا مطالبہ کیا۔شوروغل کے دوران وزیر سبانندا سونووال نے سمندری اشیاء سے متعلق سامان کا بل پیش کیا تاہم اپوزیشن پارٹیوں کی گڑبڑ کی بناپراس بل پر بحث نہیں ہوسکی۔گڑبڑ کا سلسلہ جاری رہنے پرصدرنشین نے راجیہ سبھا کی کارروائی بھی دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔

## BJP

ریاستی بی جے پی صدررام چندرراؤنے کانگریس لیڈرس پرالزام عائد کیا ہے کہ وہ ریاست کے کسانوں کے فائدہ کیلئے مرکز کی جانب سے سربراہ کی جانے والی کھاد کی بلیک مارکیٹنگ میں ملوث ہیں۔ضلع نارائن پیٹ کے حلقہ اسمبلی مکتھل سے تعلق رکھنے والے پارٹی ورکرس سے حیدرآباد کے ناملی میں واقع ریاستی ہیڈکوارٹر پر خطاب کرتے ہوئے راؤنے یہ الزام بھی عائد کیا کہ ریاست کی کانگریس حکومت، مرکز کی جانب سے فاضل سپلائی کے باوجود کھاد کی مصنوعی قلت کی بات کرتے ہوئے دھوکہ دے رہی ہے۔ انہوں نے پارٹی کیڈر پر زوردیا کہ ریاستی کانگریس حکومت کے ان اقدامات کونمایاں کریں اور کھاد کی مناسب تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

○○